کتاب مطبوع طبع ہر عالی ہمت وطبیعت لیبنے
باہتمام راجی رحمت رب صمد ابوالحسنات قطب الدین احمد غفر له الله الصمد بار اول ماه ستمبر سنہ ۱۸۹۹ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اے شاہد دل عزیز یہاں
ہو طوطیٔ خامہ چرب گفتار
منقار زباں سے خوش بیاں ہو
اوس اوج پہ نیزۂ قلم ہو
انداز نزاکت سخن سے
لکھے وہ بیاض نظم رنگین
تحریر کرے وہ خط گلزار
زعفران کے چمن سے ہو وہ باہم
نقشہ وہ بنائے اپنا رنگین
ہر سطر [illegible]
اعجاز رقم سے وہ سراپا
پیدا کرے رنگ سرمہ ہو
جو نقطہ ہو نور چشم جاں ہو

ہے حمد کا میرے بیکراں ساں
شیرینیٔ حمد سے شکر بار
ہر حرف ہزار داستاں ہو
ہو جس سے یہ ہمسری قلم کو
بالا رہی شاخ یاسمن سے
کاغذ ہو نگار خانۂ چین
بلبل ہو نثار جس پہ سو بار
وصلی سے رہی بہار توام
سطروں سے عیاں ہو خط نسرین
زلفوں کی طرح ہو پیچ سر کی
[illegible] میں ہے عصائے موسیٰ
حرفوں میں ہو روشنائی نور
مستانہ نگاہ [illegible]

دے میری زباں کو حمد خوانی
تکرار ثنا سے تیری اکثر
وہ رنگ بھرے کہ چشم بد دور
موزوں کرے وہ قد معانی
نقاش گل سخنوری ہو
رنگینیٔ نظم سے سراپا
اس رنگ رقم کا ڈھنگ آئے
ہو خط غبار سے زر افشاں
ہر ریشے سے ہو عیاں رگ گل
باسلسلہ حرف ہوں برابر
عیسیٰ کی زباں کی ہو کرامات
شیریں تر خط سے اسقدر ہو
ہر دم دم راستی بھری ہو

ہو جس سے بیان خوش بیانی
گر تار رہے حرف نیشکر پر
ہو جس میں سواد دیدۂ حور
شرمندہ ہو سرو بوستاں
شاخ گل تر سے ہمسری ہو
ہو چشم و چراغ بلبل
مانی کا قلم شکست کھا
غیرت زدہ ہو بہار [illegible]
ہر حرف میں ہو بیان [illegible]
موتی ہوں گندھے ہر اک [illegible]
بالا رہے اوسکی ہر جگہ بات
ہر پور میں لطف نیشکر ہو
سجدے میں ترے جھکا کرے وہ

ہر صفحہ پہ بعد حمد اکثر
لکھا کرے مدحت پیمبر

اے ساقی بزم حق پرستان
دے نور فروز شمع عرفان

دے رحم سے وہ شتر آحمر
جس میں ہو لطف آب کوثر

## نعت سرور کائنات مفخر موجودات احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

وہ سرور خیل انبیا ہے
وہ راہ یقین کا پیشوا ہے

کون اوسکے سوا ہے صاحب تاج
حاصل ہے جسے فلک پہ معراج

[...]ہر شے سے فزون ہے اوسکی عزت
محبوب خدا ہے فی الحقیقت

یان قول تراب کا بجا ہے
احمد سے خدا نہین جدا ہے

القصہ نبی ہے فخر آدم
ہے جسکی صفت کتاب عالم

ہم بزم ہو ساقی ہوا خواہ
کرتا ہون بیان مدحت شاہ

[...]لی ہمت شہ زمن ہے
سردار قلمرو سخن ہے

## مدح بادشاہ جمجاہ واجد علیشاہ والی ہندوستان

[...]سلطان جہان جان عالم
واجد علیشاہ ہمسر جم

دی حق نے اوسکو عقل [...]
ہے چرخ سخنوری کا اختر

[...] جو سخنوری ہے
پیشانی پہ نور انوری ہے

ابرو ہے یہ جس خوش کمالی
زیبندہ ہے جلوہ ہلالی

[...]دیدہ خورشید ہے وہ چہرہ ہمایون
گویا ہے زمین پہ ماہ گردون

پیدا ہے جبین سے شان حیدر
عالم گیری ہے ختم اوس پر

[...] سے سکندری عیان ہے
دارا دربان شہ جہان ہے

بخشش سے جو حاتم زمان ہے
خورشید کی طرح زر فشان ہے

[...] ہوئی ہے وہ ہوا ہے گوہر افشان
پانی پانی ہے ابر نیسان

مصروف ہے بسکہ جانب داد
کرتے ہین دعا سب اوسے یاد

[...]سے زبون ہے شیر پُر زور
دہشت سے ہے گور بر لب گور

کیا دخل کہ مور سے ہو برہم
ہے سیل دمان کا ناک مین دم

[...]سے زبون جو بھیڑیا ہے
دُم اپنی دبا کے بھاگتا ہے

چیتے کو مجال کیا ہے ڈر سے
معذور ازل ہے خود کرے سے

[...]ور و دلیر استقامت ہے
بہرام فلک سے تیز تر ہے

صحرائے دغا کا ہے وہ ضیغم
لیتا نہین کوئی نام رستم

[...] اوس سے لکھنؤ ہے
جنت کا نمونہ چار سو ہے

اس خوبی کی کوٹھیان ہین تیار
گلزار جہان [...]

خوب بنا ہے باغ قیصر
شرمندہ ہے جس سے چرخ اخضر

آئینے نصب ہین اسقدر وان
ہوتی ہے جہان نگاہ حیران

[...] ہین ہر اک جگہ [...]
آویزہ دُر سے جھاڑ صدہا

فانوس مین وہ زیب شمع کافور
ہے جسمین بیاض گردن حور

وہ نقش و نگار ہین رنگ آگین
ہر در پہ ہے نگار خانہ چین

مخمل کی وہ زرنگار پردے
گل جسپہ فدا نزا اپنا کرے

[...]کس سے بیان صرف گوہر
ہر در پہ ہے موتیون کی جھالر

یہ ٹھاٹھ ہین میز و کرسیون کے
دل لیتے ہین جو فرنگیون کے

ہر بوٹے پہ ہے وہ نقش رنگین
دیکھا کرے گل بہار قالین

اس درجہ بچھے ہین فرش شفاف
مہتاب ہے جسکی چاندنی ہما

هر چار طرف نهال گلگون
مثل قد دلبران هین موزون

فوارهٔ حوض سے هر اک جا
ساون کی جھڑی کا هے تماشا

وه قصر جواهرین هین بنیاد
رشک چمن بهشت شداد

کس کسکی صفت کرون زبان سے
باهر هین کہین مری بیان سے

اس وصف کا جو یقین لاتے
دیوار و در اوسکی دیکھ آتے

اب وکن بیان کو اپنی راحت
بس چاهیے اس بیان کو فرصت

جبتک هے وجود ماه و ماهی
وه مهر منیر برج شاهی

تابنده رهے زمین پر هر روز
چمکا کرے صورت سحر روز

اے ساقی بزم نظم اشعار
دے مونس دلنواز و غمخوار

سرخوش مجھے لالہ گون سے کر دے
دامان سخن مین پهول بهر دے

مضمون دوباره پهر لکهون مین
اُردو سی سخن کو بهر دون مین

کیا مطبع دلکشا هے خرم
گلزار اوده بهار عالم

گلشن سے هے خوش هزار گونه
هے باغ ارم کا وه نمونه

## بیان سکونت خان ذیشان والا مرتبت عالی منزلت صاحب مطبع گلزار اوده لکھنو خدا بخش خان صاحب فرشته خو

هر جهتم اوسکا خوش بیان هے
فرزانه هزار داستان هے

رنگین طبع و ذکی سخندان
رشک گل و بلبل خوش الحان

جو اوسمین [illegible] هین
ذی فهم فصیح نکته دان هین

وه رکھتے هین خرد [illegible] هوش
آب و گل سے دوات پر جوش

پیدا هو قلم سے [illegible] گلفام
کیا ذکر که هو غبار کا نام

ریحان کی بهار هو نموار
توام هو قلم سے خط گلزار

هر صفحه جو تخته چمن هے
هر سطر مین لطف نسترن هے

شیرازی مین لطف گل عیان هے
جدول مین بهار گلستان هے

مشهور جهان هے جنکا اخلاص
مطبع کے وهی هین جهتم خاص

هین خان سے ملقب و شفا بخش
معروف بنارسی خدا بخش

شمع روشن هین دودمان کے
فرزند رشید چاند خان کے

پیر اونکے هین دستگیر اعظم
عبد السبحان قطب عالم

کیونکه نه کهون [illegible] خان ذیشان
هین وقت کے اپنے خانخانان

خوش خلقی سے هین جو روح پرور
گویا هین مسیح دم سراسر

همت سے [illegible] هین
هین زیب نگین خاتم دهر

کچھ روز سے لکھنؤ مین آکر
رنگ اپنا جمایا گل سے بهتر

فضل ایزد سے نامور هین
گلزار اوده مین جلوه گر هین

ذات اونکی هے جو خلیق از بس
اک هو گیا لکھنؤ بنارس

هین فضل خدا سے خوش اقبال
[illegible] کی زبان گر صفت مین لال

راحت نکر اب سخن سرائی
مشکور هے اونکی سب خدائی

اخلاق سے اونکے شادمان هے
مداح هے اونکا جو جهان هے

الله کرے مری دعا سے
محفوظ رهین وه هر بلا سے

## بیان سکونت مولف کا خطهٔ [illegible] کاکوری مین و تعریف حضرات درگاه شاه کاظم صاحب قدس الله سره العزیز و شرح اوصاف ارباب وطن

مشتاق بلاغت و فصاحت — عاصی بھگونت رای راحت
خوبی سے عجیب جانفزا ہے — گلزار اگر لکھون بجا ہے
جو اوسمین ہے حاتم زمان ہے — نیسان کی طرح گہر فشان ہے
فیض درگاہ شاہ کاظم — کر دیتا ہے جاہلون کو عالم
خورشید جمال و قطب عالم — یا بندۂ فیض اسم اعظم
ہین فضل و کمال مین زبس طاق — خورشید صفت ہین زیب آفاق
رکھتے ہین جو علم دین کا چرچا — سرمایۂ فیض ہین سراپا
ساقی مجھے کب سے ہے تمنا — ہونٹون سے لگاوے جام صہبا

کاکوری ہے مسکن دلاویز — مانند گل بہار زرریز
ارباب سخا سے ہے وہ معمور — محفوظ بلا سے چشم بد دور
ازبسکہ ہے قدر اہل فن کی — خوش آب ہے گوہر سخن کی
بالفظ علی جو فخر دین ہین — وہ شاہ تراب جانشین ہین
مولانا ہین گوہر یگانہ — حیدر علی عابد زمانہ
مولانا جو تقی علی ہین — عالم فاضل ذکی ولی ہین
اک خلق ہے کامیاب جنسے — جاری ہے رہ صواب انسے
مستی مین سناؤن عاشقانہ — وجہ تالیف این فسانہ

**سبب تالیف اس فسانہ رنگین کا کہ برکت صحبت و ہمنشینی صاحبان عالی ہمت سے اتفاق گلریزی سخن کا نہال قلم زرین رقم سے اوپر تختہ چمن زار کاغذ کے ہوا**

کیا خوب بتجمل و تفضل — ہین وہ نواب امام باغ کے گل
عالی گہر و خجستہ القاب — اک اچھی میان ہین ایک نواب
اور شیخ فدا حسین صاحب — کرتے تھے جو ذکر شعر ہر شب
ہر چند مین کہہ گیا ہون تکسیر — گزرا ہے جو کچھ نل و دمن پہ
گزری ہین قدیم کے جو شاعر — کیا اونسے کہیگا کوئی بہتر
بے موسم ابر و آب باری — دریا رہتے ہین روز جاری
ہمت کرتی ہے جتنی یاری — کہتے ہین وہ بھر یادگاری
دیکھے جو بدیدۂ حقیقت — وہ سمجھے یہ مثنوی غنیمت

جو لفظ حسن سے ہین مسمی — مقبول جہان ہی نام اونکا
سنتا تھا جو اونکی مین بانی — گلزار نسیم کی کہانی
خاطر کو مزہ ملا سخن کا — پھر ذوق مجھے ہوا سخن کا
سیری نہوئی پر ایسی فن سے — جی لگ گیا شاہد سخن سے
پر کسکی ہے دل مین ضبط اتنا — خاموش رہے جو شمع آسا
جو مست ہین فیض نکتہ دان سے — رکتے نہین وہ کبھی زبان سے
عالم مین جسے عزیز فن ہے — دیوانۂ شاہد سخن ہے
اے ساقی سرو قد دلارام — اکدم جو پلا شراب گلفام

**پیدا ہونا شاہد دلفریب کا ملک پنجاب مین و تعلیم ہو جانا اوس دلربا کا تھوڑے عرصے مین اور اختیار کرنا صحبت بھگت بازون کی بنیرنگی چرخ ناہنجار سے**

رنگین مین سناؤن وہ فسانہ — مسرور رہو جس سے اک زمانہ
کیا حظ دلنشین ہے پنجاب — جو ہے میزاب معدن آب
گلزار خنک برنگ تاثیر — ہے جسکی ہوا سے مہر کشمیر

جو بت ہیں یہاں وہ راہزن ہے
غارتگر شیخ و برہمن ہے
ہر در پہ ہے نور مہ جبینان
ہر گھر میں ہے جلوہ حسینان

ہر کوچہ میں سیر گلستان ہے
ہر جا پہ بہار گلرخان ہے
پیدا ہے وہان پہ حسن دلخواہ
ہر چہرہ لقا ہے غیرت ماہ

اوس خطۂ دلنشین کے اندر
درویش تھا اک خجستہ پیکر
تھی عقد مین اوسکے اک جمیلہ
خوش سیرت و نیک خو عقیلہ

قانون وفا سے تھی جو دمساز
تھی بزم طرب کی یار ہمراز
شیرین سخن تھی جو وفا کیش
تھا خنجر فرقت اوس کی دل ریش

حاصل تھا جو لطف نوجوانی
کٹتی تھی خوشی سے زندگانی
پہونچا پہونچا کے وقت پر آب
رکھتا تھا چمن کو اپنے سیراب

گزری کئی سال جب چمن مین
پیدا ہوا لطف نسترن مین
گل گل باد صبا سے ہوکر
پھولا نخل شگوفہ پرور

پورے ہوتے جبکہ نو مہینے
شادی کے عیان ہوئے قرینے
آیا جب دن وہ روز امید
نکلا برج حمل سے خورشید

بیٹا تھا جو نور کا وہ اختر
تھا مطلع خور کنار مادر
گردش سے زبس یہ چرخ ناساز
رہتا ہے ہمیشہ فتنہ پرداز

تھے چند برس کہ پرورش کر
گزری سر سے وہ سایہ گستر
گہوارۂ غم مین رہ گئے ہر روز
کرتا تھا وہ زندگی بسر روز

اک تو اوسے بیکسی کا تھا رنج
پھر اوس پہ ہوا یہ دوسرا رنج
گھبرا کے عذاب آسمان سے
درویش بھی چلدیا جہان سے

وہ قرۂ یتیم اشک پردہ
متعلق ہوا کچھ لوگون مین سپرد
سایہ تھا جو اوس پری کا پہ
پھرنے لگا دھوپ مین برابر

سے زر جو کمال تھا وہ بچے
ملتا تھا آپ و دانا اکثر
پاتا جو کہین سے گردہ نان
خوش ہوکے مناتا عید قربان

ملنا الٹیا ان خشک کا روز
اوس مہ کو ہلال عید تھا روز
رو دھو کے اسی طرح سے دن رات
کرتا تھا بسر وہ اپنی اوقات

جب سن ہوا اوسکا دس ہی کا
خوبی کا ستارہ خوب چمکا
تھا طرز جو اوسمین دلبری کا
شاہد ہوا نام اوس پری کا

پیدا ہوئے سیکڑون ہوا خواہ
یوسف کی ہوئی دوبارہ پھر چاہ
سنکر اوسے تنگدست وبے ساز
وارد ہوئے شہر مین شگفتہ باز

تھا تنگ وے پنجہ بس کہ زر سے
سو کھاتا تھا غم غذای تر سے
نزہا کے خوشی سے کھل گیا وقت
اوس عجل تبہ سے ملگیا وقت

غولون نے جو اوس کی کو پایا
سب اپنا فریب فن سکھایا
کچھ دن مین بنا کے آفت دہر
دکھلانے لگے اوسے ہر اک شہر

کرتا تھا وہ رقص جس جگہ پر
لٹتی تھی متاع دل سراسر
اک شہر مین ایک دن اجل اساز
پہونچا وہ گروہ فتنہ پرداز

فارغ ہوکر غم سفر سے
کھولا رخت سفر کمر سے
شاہد کا جو حسن تھا دل آویز
ہر کوچے مین ہوگیا بلاخیز

سونے نے اثر کیا دلون مین
چرچا گیا ساری محفلون مین
دیوانہ ترا ہوں ساقیا مین
اک عمر سے تجھ پہ ہوں فدا مین

## عاشق ہونا عزیز نامے پسر حاکم وقت کا

ورمے سے ذرا شرر دل کو
الفت نے کیا ہے چور دل کو

## سننے سراپای شاہد دلفریب و تصدق ہونا غائبانہ اوپر جمال جہان آرا اوسکے کے

دل اپنا جو مدعا طلب ہے
مسطور یہان جو ذکر شب ہے

روشن تھا ہر اک چراغ اختر
قندیل فلک تھا ماہ انور

چھٹکے تھے ستارے آسمان پر
عالم تھا عجیب کہکشان پر

دورِ مئے لعل چل رہا تھا
مستانہ ہر اک اوچھل رہا تھا

ہمدوش تھی شاہدان سے عشاق
جاری تھا زبان پہ ذکر اخلاق

پروانے کو سوز دل تھا حاصل
سرگرم وفا تھی شمع محفل

فارغ [illegible] دل سے اک جگہ پہ
بیٹھے تھے کئی جوان برابر

ہر ساز طرب وہان تھا موجود
آواز سرود و لحن داؤد

آئے وہ تھے ہجوم ہمنشینان
غارتگر دین اہل ایمان

وان ایک جوان خوش ہنرمند
تھا حاکم وقت کا جو فرزند

شمع محفل تھا سروری سے
سرخیل بتان تھا دلبری سے

تھا بسکہ عزیز دل سراسر
نام اوسکا عزیز تھا زبان پر

آل تھی جو طبع نوجوانی
مرغوب تھی عشق کی کہانی

یارون کی زبان سے بہر تسکین
سنتا تھا فسانہ ہائے رنگین

اس رات کو بھی یہ ذکر لایا
سوتے ہوئے فتنے کو جگایا

ایک اونمین جو شائق سخن تھا
دانا ہشیار اہل فن تھا

ظاہر تھا جو اوسپہ حال شاہد
چھیڑا ذکر جمال شاہد

کاے تازہ نہال باغ امید
وے گلبن نوبہار جاوید

تا چند بتان رفتگان سے
تکلیف سخن ہمین عبث ہے ایسے

آج ایک گروہ رقص سازان
آیا ہے یہان بہ ساز و سامان

کیا کیا او نہین یاد ہونگی
زنگی ہین کبھی کبھی فرنگی

تقلید کا پاس ہے جو سامان
کافر ہین کبھی کبھی مسلمان

ایک انمین ہے نوجوان خوش رو
جادو نگہے فریب آہو

شیرین لب طوطی شکر خا
شاہد نامے عزیز دلہا

کیا زلف سیہ ہے لیلۃ القدر
پیشانی صاف مطلع البدر

### سراپا

وہ نام خدا جبین ہے پر نور
پیدا ہے جہان تجلی طور

محراب حرم ہے طاق ابرو
لازم ہے طواف قبلہ رو

وہ آنکھ کہ جس سے ہوش ہو گم
آشوب جہان بلائے مردم

وہ چشم سیہ ہے ساغر مل
زاہد کا ہو جس سے دیکھکر قل

جاتی ہے جدھر نگاہ مخمور
کرتی ہے جگر کو زخم سے چور

کس طور ہرن شکار سے باز
پلکین ہین جواب پنجہ باز

پانی سے نہین ہین گہر گوش
ہے حسن ازل سے حلقہ در گوش

وہ موتیون سے ہین خوشنما تر
ہون جیسے بھرے صدف مین گوہر

رخسارون پہ ہے وہ رونق گل
قربان ہے ہزار جان سے بلبل

جو خال ہے روئے آتشین پر
ہے بہر نظر سپند مجمر

برسون جو کرے کتاب بینی
ہو دست ادا نہ وصف بینی

رخسارۂ آتشین پہ گویا
شمع روشن کی لو ہے پیدا

ہونٹ اوسکے اگرچہ بے سخن ہین
لعل یمنی پہ حرف زن ہین

ہے خندۂ گل سے خوش تبسم
بلبل سے فصیح ہے تکلم

دانتوں کی چمک ہی بسکہ روشن
ہین خندۂ لب سے برق خرمن

پیدا ہے لبوں سے کیا شکر خند
گویا کہ دہن ہے کوزۂ قند

ہونٹھونکی تلے چہ زنخدان
یوسف کے لیے ہی چاہ کنعان

وہ صاف بلوری ہے گردن
ہو جس سے بیاض صبح روشن

کیا دوش ہین آفت زمانہ
دلکش مطبوع دست و شانہ

سیمین دلکش فریب جادو
سانچے مین ڈھلے ہوے ہین بازو

رکھتا ہے سخن سے اب مراجی
نازک ہے صفت کلائیون کی

لکھنا دشوار ہے سردست
دل پر مرے بار ہے سردست

وہ صاف ہین گورے گورے پہونچے
مشکل ہے جہان نگاہ پہونچے

دلکش ہے وہ پنجۂ حنائی
ہم پنجۂ خور ہے یا صفائی

ناخن سے ہلال سرنگون ہے
سرخی سے جگر شفق کا خون ہے

ہے لطف حنا جو انگلیون پر
ہر پور پہ ہے خوشنما سراسر

آتی ہے بغل سے بو سمن کی
بے عطر ہے قدر پیرہن کی

سینے کو کمر تلک جو دیکھا
لوح صندل کا ہے تماشا

رکھتا ہے کمر وہ رشک گلزار
ہم رشتۂ جان بلبل زار

کی مین نے ہزار موشگافی
باریک تھی بس نظر نہ پہونچی

اب زیر کمر سے تا بہ زانو
بے شرمی ہے ذکر اوسکا بر رو

معیوب ہے یان پہ لب ہلانا
رسوائی کا ڈھول ہے بجانا

موزون ہی غرض ہر ایک اعضا
پتلا ہے وہ نور کا سراپا

یہ کہکے ہوا یہان وہ خاموش
وان ہو گیا ہوش دین فراموش

آنسو ہے جو حوض چشم تر سے
فوارۂ خون اوٹھے جگر سے

دیکھا تھا ابھی نہ روی قاتل
سنکر ہوا نام تیغ بسمل

ساقی مے لعل سے پلا دے
مستی مین رخ صنم دکھا دے

وہ دختر رز ہو دل کی طالب
ہو جاے جو محتسب پہ غالب

## دل دینا محتسب کا جمال زاہد فریب شاہد پر و شہر بدر ہونا اوس پری کا حکم حاکم شرع شریف سے اور پھر آنا اوسکا بموجب درخواست عزیز دل افگار کے

عاشق جو ہوا عزیز ناکام
کچھ دن مین خبر یہ ہو گئی عام

آیا گرمی پہ حسن شاہد
جلنے لگی اوس سے شیخ و زاہد

دشمن ہوی ساری اوس گلی کے
انداز نکالے ابتری کے

سمجھی کہ یہ شوخ فتنہ پرداز
ہے شرع متین کا رخنہ انداز

ٹھہرایا کہ محتسب ادھر جاے
فتنے کو نکالے شور و شر جاے

جس وقت چلا وہ گھر سے جوشان
بہر تنبیہ فتنہ کوشان

شور محشر بپا تھا ہر سو
سامان رہ قضا تھا ہر سو

جو ساتھ تھا مائل غضب تھا
بیرحمی سے در پئ شغب تھا

پہونچا آخر قدم اوٹھا کر
رفتہ رفتہ در صنم پر

دکھلا کے غضب سے چشم پرخون
توڑا ٹھوکر سے تار قانون

بیٹھے تھے جو سب رفیق دلبر
بھاگے لاحول کہکے یکسر

چھوڑا اوسی جا پہ ساز و سامان
زلفون کی طرح ہوے پریشان

جس دم ہوا تھا یہ ساز برہم
وہ شوخ تھا محو عیش اوس دم

آواز شکست ساز سنکر
جاگا اوٹھا برنگ چشم اختر

جلادی سی جو یک بیک جگا تھا
وہ تیغ نگہ کا کھایا چرکا
دل دیکھ قدم پہ سر جھکایا
دیکھا جو اوسی جنون سے ششدر
بولا کہ نہ پوچھ حال اسکا
القصہ جو محتسب پہ گزرا
تھا ذکر زبان سے جسکو پرہیز
وہ صدر نشین مسند دین
گھبرا کے اوسے بہت کیا تنگ
بولا کہ مجھے نہ کیجیے تنگ
وسعت تھی جہان تلک زبان مین
لایا نہ زبان پہ سوزش دل
جل اوٹھا یہ سنکے حاکم شہر
گرد اوسکے ہجوم اسقدر تھا
تھا شعلہ صفت اگرچہ سوزان
کرتا تھا ہزار داد بیداد
اکسنے آخر کو طیش کھا کر
تھا حسن سے پر وہ آفت دہر
اچھا نہین ہے قیام اسکا
غولون کی طرح سے تھے جو بد مست
تھی بسکہ اوسے دلی محبت

آنکھون مین لہو بھرا ہوا تھا
دل ہو گیا چور محتسب کا
پایا بے کو سجدہ گہ بنایا
پوچھا شاہد نے کای خرد ور
مطلب کو مین اپنے خوب پہونچا
قاضی تلک اوسکا حال پہونچا
شیشے کی طرح ہوا ہے لبریز
وہ تاج سر قضا و تمکین
کای دشمن دین عدو نے فرہنگ
تقدیر سے چاہیے نہین جنگ
شکوے سے کمی نکی بیان مین
سنتا رہا مثل شمع محفل
روشن ہوئی صاف آتش ہجر
گویا ہالہ مین وہ قمر تھا
خاکستر عجز پر تھا غلطان
سنتا تھا نہ کوئی اوسکی فریاد
ڈالا ہاتھ اوسکی آستین پر
تنگ آ گیا اوس سے حاکم شہر
آشوب جہان ہے نام اسکا
نے ظلم سے کی کمی بسر دست
برباد دی اپنی تاب طاقت

دیکھا سوے محتسب جو یکبار
دیکھ اوس بت نوجوان کی شوخی
جاتا رہا ہوش و دین سراسر
سر پر مرے آپکا قدم ہے
بگڑا جو ترا یہ ساز و سامان
یعنے کہ وہ ظرف خوبی آب
رہتے ہین جو اس سے رات دن پاک
بولا کہ یہ پھیر ہو گیا کیا
سچ کہہ بخدا یہ کفر ہے کیا
قاضی نے جو پایا اوسکو لاچار
اس معرکہ مین عزیز دلجو
شکوے سے یہ اوسنے بھر دئیے کان
جس گھر مین تھا پر اوس ہی کا مسکن
روتا تھا وہ زار زار ہرچند
زلفون کی طرح سے وہ سراسر
ہرچند دکھائے کیسہ زر
قبضے مین کر اپنے ہاتھ اوسکا
بولا کہ اسے ابھی نکالو
سایہ کی طرح سے ہو کے ہمراہ
اب حال نہ پوچھیے کچھ اسکا
پتھر پہ سر اپنا مارتا تھا

قانون کے سب تلف کیے تار
شیخی گئی بھول محتسب کی
غالب ہوئی بیخودی خرد پر
مطلب سے ہے یا فقط کرم ہے
پچھتاتا ہون سخت مین پشیمان
مستی سے ہوا خم مے ناب
جاتے تھے نہین زیر سایہ تاک
کعبے مین رہا جو دخل ترسا
مسجود جو تو بتون کو سمجھا
حاکم سے کیا یہ جا کے اظہار
تھا گرچہ بدرکار زیب پہلو
جاتا رہا روکنے کا امکان
وان ہو گئی فوج برق خرمن
پر ظلم سے مدعی تھی بند
پڑتا تھا ہر ایک کے قدم پر
بازہ آے نہ پر وہ کینہ پرور
حاضر کیا بار عام مین لا
اس سخت بلا کو سر سے ٹالو
لیکر چلے اوس پری کو بدخواہ
اوس یار عزیز پر جو گزرا
شاہد شاہد پکارتا تھا

پوشیدہ رہ زبانے ہوا خواہ
بھیجا یہ پیام اوس نے کماہ

پھر کر سکا میں گرم جوشی
مہر لب ہو گئی خموشی

باقی نہیں اب وہ شور و شر ہے
قاضی کا نہ محتسب کا ڈر ہے

مانند گل شگفتہ خوشدل
صحرا سے ہوا چمن میں داخل

کوتاہ ہوئی زبان دشمن
باقی نہ رہا نشان دشمن

میں شرم سے تھا جو مجبور
لایا نہ زبان پہ راز مستور

پھر آ کے مرا عزیز جان ہو
آرامش جان ناتوان ہو

وہ رشک چمن تھا بسکہ یکرنگ
یاد اوسکو تھی جہان کے نیرنگ

جس وقت ہوئے سب اس سے آگاہ
مہمان عزیز آج ہے راہ

ساقی دے مجھے شراب گلفام
ہمدوش ہوا ہے شاہد کام

## بسمل ہو جانا عزیز کا رقص شاہد دلآرام سے محفل میں و نصیحت کرنا واسطے ترک صحبت بھگت بازون کے

محفل میں بہار جشن جم ہو
رنگینی سے گلشن ارم ہو

اک روز شب سیہ جب آئی
تاریکی شب جہان میں چھائی

مغرب ہے خوابگاہ خورشید
پیدا ہوئی شکل شام امید

گردون پہ جلے چراغ اختر
روشن ہوئی گھر میں شمع انور

نیچے جو بہم ستارہ و ماہ
شاہد کی ہوئی عزیز کو چاہ

آراستہ کر کے جشن جم کو
پیغام طلب دیا صنم کو

دامن کی بنت تھی بسکہ زرریز
بجلی سے چمک میں تھی جھمک تیز

جس وقت لگائی اوسنے ٹھوکر
محفل کو لٹا دیا سراسر

کافر تھی وہ گھنگرو کی جھنکار
دل پاؤن پہ لوٹتا تھا ہر بار

بجلی کی چمک تھی مسکرانا
دامن سے غضب تھا منہ چھپانا

وہ ناز دکھائے دلبری کے
ہوش اوڑ گئے دیکھ کر پری کے

لایا غم دل سے لب پہ فریاد
کہا اے جان عزیز دے مری داد

آ بیٹھ ذرا کہ حسن تیرا
وجہ غم دل ہوا ہے میرا

آباد کر اب دل عزیزان
خاطر میں نہ کچھ غم رقیبان

تو باغ جہان کا ہے گل تر
برباد نہ پھر برنگ صرصر

عاشق کی سنی جو اوسنے گفتار
لایا لب دل پہ حرف اقرار

ثابت ہوئی روشنی قمر کی
پروین کو ملی لڑی گہر کی

ٹھہرا کے خوشی کی دلنشین تقریب
دی بزم طرب کی اوسنے ترتیب

بن ٹھن کے وہ اس طرح سے آیا
عاشق پہ ہوا پری کا سایا

منظور جو تھا نظارۂ رقص
شاہد سے کیا اشارۂ رقص

بل کھاتی تھی رقص میں جو محبوب
رہ جاتے تھے تھام کر جگر سب

آفت تھی گھڑی ادا بتانا
شور محشر تھا بیٹھ جانا

بالا تھا سب آفتوں سے قامت
برپا تھی نگاہ سے قیامت

القصہ جما وہ رنگ محفل
دیوانہ ہوا عزیز بیدل

میں دل سے ہوا ہوں کشتۂ ناز
اک دم تو مرا ہو یار دمساز

اس پیشۂ بد سے کر حذر تو
آوارہ پھر اب نہ در بدر تو

یہ قوم ہے بے ادب تبہ کار
بے شرم و زبان دراز عیار

میں دل سے ہوا ہوں رام تیرا
اقبال مرا غلام تیرا

پر شرم و حیا سے منہ چھپائے
ظاہر میں اوسنے لب ہلائے

تھی غیر جو راز کی تلاشی
در پردہ سہی زبان خراشی
گردون پہ جب آیا مہر انور
نظروں سے نہاں ہوے سب اختر

وہ رشک غزال صید انداز
یعنے شاہد کرشمہ پرداز
رنگین نئی پھر بدل کے پوشاک
بیٹھا لب فرش جا کے چالاک

تھا جلوہ سے بسکہ شمع محفل
پروانہ ہوا عزیز بیدل
دیکھ اوسکا لباس شاہدانہ
کرنے لگا سوز عاشقانہ

یہ شعلہ اوٹھا کدھر سے افسوس
آئی یہ بلا کدھر سے افسوس
یہ تیغ نگہ لگائی کسنے
گردن پہ چھری چلائی کسنے

صدمہ یہ دیا ہے کسنے دل پر
شیشے پہ گرا کہاں سے پتھر
دل لیکے یہ کسنے دشمنی کی
گھر بیٹھے یہ کسنے رہزنی کی

آفت رگ جان پہ کی ہے کسنے
نشتر کی خلش یہ دی ہے کسنے

## غزل

یہ کسنے دیا چھری کا چرکا
تھمتا ہی نہیں لہو جگر کا
رو دیتا ہے جو کہ دیکھتا ہے
یہ حال بتر ہے چشم تر کا

عاشق کو سنا کے اے گل تر
دیکھیگا نہ منہ کبھی ثمر کا
جز تلخی غم مزا نپایا
یہ عشق ثمر ہے کس شجر کا

راحت سے ملو گئے لگا تو
دھڑکا تو مٹے کہیں جگر کا

افسانۂ درد جب سنایا
وہ غنچہ بستہ مسکرایا
کام اپنا کیا لب و زبان نے
بخشا اثر و فا فغان نے

بدلا ہے الم کا طور ساقی
آیا ہے خوشی کا دور ساقی
ہم بزم ہے شاہد سمن بر
چلتا رہے دور سے برابر

## آرام ہونا اوس بت دلفریب کا سننے قصۂ شاہ گدا سے ساتھ عزیز کے اور چھوڑ دینا رفاقت بھگت بازون کی تلقین عاشق جانباز سے

اک دن کہین اک رفیق غمخوار
تھا اوسکا جو صید تو گرفتار
بلبل کی طرح اوٹھا کے انداز
اوس گل سے ہوا فسانہ پرداز

[illegible] رخ بریں کے چہرہ پُرنور
سُن اگلے زمانے کا یہ مذکور
تھا ایک حسین شاہ کنعان
آرائش تختگاہ کنعان

یہ حسن میں بے نظیر تھا وہ
رشک بدر منیر تھا وہ
خوبی میں ہوا وہ جیسے نامی
یوسف کو ملا خط غلامی

رکھتا تھا جو حسن خوشنما وہ
خوبی سے عزیز مصر تھا وہ

## سراپا

دلکش تھی وہ زلف عنبر آگین
برباد تھا جس سے نافۂ چین
صدقے تھا مہ فلک جبین پر
خورشید فلک تھا رخ انور

ابرو تھی کمان بلا کی نخچیر
پلکوں سے عیان تھی کاوش تیر
آنکھوں سے خراب تر تھے آہو
پیدا تھا نظر سے عین جادو

کانون میں عجب تھی آبداری
ہوتی تھی گہر کو شرمساری
چہرے کا جمال تھا نرالا
بجلی سے کہیں چمک تھی بالا

بینی یہ عجب تھا عالم نور
روشن تھی حرم میں شمع کافور
کیا خوب تھے خوشنما خط و خال
پایا نہ کبھی تھا قد نے اقبال

کس درجہ لطیف تھے لب شکر بار
عناب دوای جان بیمار

سب تنگ تھے عقدۂ دہان سے
تشبیہ بجا تھی لامکان سے

حاصل تھی زبس شکر دہانی
مشکل تھا تکلم زبانی

تھا غرق چہ ذقن مین ہر دل
ہاروت کو تھا وہ چاہ بابل

پر لطف گلے مین تھا وہ چندان
ہوتی تھی نمود سرخی پان

تھا رشک سمن وہ سیم اندام
پیدا تھا بغل سے نقرۂ خام

ساعد کا جو دیکھتا تھا عالم
دل دیتا تھا ہاتھ سے اوسی دم

زیبا تھے وہ پنجۂ حنائی
کھولی تھی شفق کی خوشنمائی

سینے سے کمر سے تا کف پا
موزون تھی سب اوسکے اور اعضا

یہ شعلۂ آتشین تھا وہ خاک
یہ جلوۂ برق وہ تھا خاشاک

یہ ابر چمن وہ شبنم
یہ شاخ سمن وہ نخل ماتم

یہ نخل سمن وہ بید مجنون
یہ لالۂ باغ وہ جگر خون

یہ میوۂ تر وہ حنظل غم
یہ قند دہن وہ تلخی سم

یہ نور وہ داغ سینۂ ماہ
یہ شعلہ وہ دود آتش آہ

یہ ماہ فلک وہ داغ ماہی
یہ خور وہ چراغ صبحگاہی

یہ روح روان وہ قالب خاک
یہ راحت جان وہ دل غمناک

یہ معدن سیم و زر وہ بے زر
یہ لعل گران بہا وہ پتھر

یہ جام جہان نما وہ کم ظرف
یہ ساغر مے وہ جام بے حرف

یہ پستہ دہن وہ پوست بادام
یہ لطف لب و زبان وہ ناکام

یہ آب حیات وہ گل چاہ
یہ خضر رہ وفا وہ گمراہ

یہ میوۂ نخل باغ امید
وہ دست جنون کا بے ثمر بید

مرتے تھے ہوس مین جسکی خوبان
ہوتے تھے ہزار جان سے قربان

شہرہ تھا یہ پستۂ دہن کا
کنعان مین تھا شور مصر برپا

دانت اوسکے یہ غیرت گہر تھے
ہیرے کی کنی سے صاف تر تھے

گردن تھی وہ رشک گردن حور
ہر شیشۂ مے تھا شرم سے چور

زلفون کی طرح سے شانہ و دوش
خوبی سے تھی اور آفت ہوش

بازو پہ جو دل بندھے تھے یکسر
صد گونہ جلا تھی نور تن پر

پہونچا تھا ہر جگہ یہ شہرہ
آفت تھی کلائیون سے برپا

ناخن تھے ہلال عید گویا
ہر دل کو تھی دید کی تمنا

تھا شاہ جو کشور ادا کا
منظور نظر تھا اک گدا کا

یہ شاہ جہان وہ اک گدا تھا
یہ تخت نشین وہ خاک پا تھا

یہ غیرت گل وہ خار دامان
یہ سرو چمن وہ بید لرزان

یہ روئے گل چمن وہ بے رنگ
یہ غنچۂ بستہ وہ بجان تنگ

یہ خنجر برق دم وہ بیتاب
یہ پارۂ مہر اور وہ سیماب

یہ مہر فلک وہ ذرۂ خاک
یہ دستۂ گل وہ مشت خاشاک

یہ سرمہ وہ خاک کوچۂ راہ
یہ شعلۂ کوہ طور وہ کاہ

یہ پایۂ زر و سنگ میزان
یہ مال گران وہ جنس ارزان

یہ سیم بدن وہ جسم پر خاک
یہ بوئے گلاب وہ عرقناک

یہ جان جہان وہ جان ناشاد
یہ رشک پری وہ آدمی زاد

یہ بخت بلند وہ نگون بخت
یہ تخت نشین وہ پایۂ تخت

یہ سبزۂ باغ نوجوانی
وہ برگ فسردۂ خزانی

یہ صحن چمن بہار پرور
وہ کوچۂ دشت خار پرور

یہ موج نسیم صحن گلزار
یہ خندۂ لب سے جلوۂ گل
یہ شیشۂ گل عزیز ہر دل
یہ نغمہ سرائے بزم شادی
یہ مالک تاج و صاحب زر
یہ مہر منیر صبح عالم
یہ عیسیٰ چرخ جان نوازی
یہ جلوہ فروز شمع کافور
یہ اختر چرخ سربلندی
یہ چشمۂ آب زندگانی
یہ گوہر شب چراغ بے دود
یہ گوہر آبدار دریا
یہ غازۂ روئے نونہالان
یہ سرمۂ چشم نازنینان
یہ تکمۂ کسوت شہانہ
یہ نوک مژہ سے چنگل باز
یہ طوطی خوش زبان نکوفال
یہ رشک غزال چین و تاتار
یہ شاہسوار آسمان گرد
با اینہمہ شان شوکت و جاہ
الفت سے برنگ سرمۂ طور

وہ باد سموم دشت ادبار
وہ نالۂ غم سے شور بلبل
وہ لالۂ دشت داغ بر دل
وہ نالہ ساز نامرادی
وہ طالع خفتہ و بد اختر
وہ سوز چراغ شام ماتم
وہ کشتۂ تیغ بے نیازی
وہ درد سر چراغ بے نور
وہ خاک رہ نیازمندی
وہ تودۂ خاک بے نشانی
وہ ریزۂ سنگ سودۂ بے سود
وہ خار و خس کنار دریا
وہ موئے سر شکستہ حالان
وہ خار نگاہ نکتہ چینان
وہ چاک لباس عاشقانہ
وہ طائر پر شکستہ جانباز
وہ غنچۂ بے سخن زبان لال
وہ وحشی کوہسار ادبار
وہ زار پیادۂ جہان گرد
تھا دل سے فقیر دوست وہ شاہ
کرتا تھا کبھی نہ آنکھ سے دور

یہ رنگ حنائی دست اقبال
یہ گوہر گوش حشمت و جاہ
یہ رنگ شراب ارغوانی
یہ موج صفائے آب گوہر
یہ بادۂ صاف جام عشرت
یہ زیب سریر شہریاری
یہ درد دل و جگر کا ارمان
یہ صاحب دولت خوش اقبال
یہ شعلہ برق آسمانی
یہ رشک پری [illegible]
یہ جوہر تیغ اصفہانی
یہ عنبر موئے زلف خوبان
یہ صندل [illegible] جبینان
یہ بند قبائے دلستانی
یہ رشک پری فریب مردم
یہ مرہم داغ سینہ چاکان
یہ طرۂ صاف زیب دستار
یہ عمر حسین و شوخ و طرار
یہ حور جنان فریب انسان
دیتا تھا خوشی سے گرد رہ کو ہم
کی اوس نے جیون شکر فشانی

وہ برگ خزان فسردہ پامال
وہ شبنم دوش سبزۂ راہ
وہ زردیٔ رنگ زعفرانی
وہ قطرۂ اشک دیدۂ تر
وہ دُرد تہ غم مصیبت
وہ نقش حصیر خاکساری
وہ رنج کش بلائے حرمان
وہ خاک [illegible] بے پروائی
وہ [illegible] بے نشانی
وہ [illegible]
وہ خاک [illegible]
وہ [illegible] پریشان
وہ [illegible] پیمان
وہ رشتۂ خرقۂ گدائی
وہ مردم ناتوان خرد گم
وہ سوز و گداز دردناکان
وہ پارۂ دلق تار بے تار
وہ کندۂ ناتراش بیکار
وہ وحشی دل شکستہ حیران
شعلہ کی طرح سے [illegible] ہم
دل ہو گیا اوس کی [illegible]

بولا کہ مرا بھی ایک ہے یار
بہتر ہے کہ اوسکا یار ہوں میں
وہ جان دے میں کروں عداوت
کی آگے کمال عذر خواہی
یکبار ہوا جو یون شکر بار
اب بہر خدا مجھے نہ ترسا
ہر چند اوسے سب رفیق عیار
دکھلا کے فلک نے اپنا نیرنگ
جگ اونکا بندھا ہوا جو کچھ تھا
پھر اونپہ عجب طرح حال گزرا
یہ غم سے ہوا [illegible]
کس کس کی کروں بیان تباہی
کرتا ہے الم جگر خراشی
کیا خلق کی ہے دو رنگ بنیاد
نیرنگ جہان کھلا ہوا ہے
ہر گل کے ورق ہے پریشان
پیتا ہے کوئی شراب گلفام
حاصل ہے کسیکو شربت قند
رہتا ہے کوئی وطن میں خوشحال
خوبی سے کوئی ہے شہرہ عام
سنتا ہے کوئی فسانۂ عشق

مختار لب و دہان دل افگار
قانون وفا کا تار ہوں میں
وہ مجھپہ مرے کرو نہیں غفلت
کاسے کشتۂ تیغ کم نگاہی
پھولا گل گل وہ عاشق زار
آبیٹھ نہ کر فساد برپا
دم دیکے اوبھارتے تھی ہر بار
بدلا جو سکا اوسہی رنگ
کھانا پینا ہر اک کا چھوٹا
سازوں پہ بھی غم کمال گزرا
لکھاتا تھا شکست چنگ ہر بار
دیتی تھی لب بیان گواہی

عاشق ہے مرے لب و دہن کا
یہ سب ہے خلاف پاک بازی
یہ کہکے خوشی سے بے تامل
دل خوش ہے مرا تری وفا سے
بولا کہ ترے کرم کے قربان
یہ سنکے برنگ دل وہ دلبر
پر وہ نہ کسیکے دم میں آیا
عالم میں بساط وہ بچھائی
نیرنگ فلک سے وہ جہان گرد
نالان تھے زبس خراش غم سے
قانون و سرود پر جو گزرا
وحشت جام شراب ناب ساقی

یوسف ہے مرے چہ ذقن کا
میں اوس سے کروں جو بے نیازی
پہونچا وہ برنگ نکہت گل
درگزرا میں قوم بیحیا سے
حاضر ہے ترے لیے دل و جان
بیٹھا پہلو میں مسکرا کر
سب لوگونکو راستہ بتایا
اک ایک سے ہو گئی جدائی
آبیٹھے گھروں میں صورت نرد
اوٹھتی تھی صدائے درد دم سے
آتا نہیں وہ بیان میں اصلا
الدم کی نہیں ہے تاب باقی
کچھ ذہن کری تو ہی غم تراشی
ویران ہے کہیں کہیں ہے آباد
سلطان ہے کوئی کوئی گدا ہے
روتا ہے کوئی برنگ شبنم
عریان ہے کوئی برنگ مجنون
پیتا ہے کوئی لہو جگر کا
اشکون سے کوئی ہے ابر گریان
حسرت سے کوئی ہے مرغ بسمل
ماتم سے کوئی ہے نوحہ پرداز

تتار ہونا غمزہ کا زرومال سے اور پر شاہد کے وچھپانا اوسکا مکان کے نشان میں نکل جانا ساتھ شاہد کے خستہ اندازی خواجہ سرائی ناہموار سے

کس گل کا گیا زمانہ یکسان
مرتا ہے کوئی بحسرت جام
پانی کا کوئی ہے آرزومند
غربت میں کوئی ہے غم سے پامال
سودے سے کوئی ہے رند بدنام
بھرتا ہے کوئی ترانۂ عشق

ہنستا ہے کوئی خوشی سے ہر دم
پہنے ہے کوئی قبائے گلگون
شائق ہے کوئی غذائے تر کا
ہونٹھوں سے کوئی ہے برق خندان
ابرو سے کوئی ہے تیغ قاتل
شادی سے کوئی ہے نغمہ ساز

خوبی سے کوئی ہی شمع محفل — پروانہ صفت کوئی ہی بیدل

حاصل ہے کسیکو بالشِ پر — سر رکھتا ہے کوئی سنگ در پر

طاقت سی کوئی ہی شیر پُرزور — ہی ضعف سی کوئی زندہ در گور

پھولا ہے چمن کسی جگہ پر — کانٹون کا ہے بن کسی جگہ پر

بے لطفی سے نمکدہ ہے یہ باغ — ہر گل مین ہے رنگ لالہ پر داغ

حاصل ہے اوسیکو عیش لاریب — محبوب ہے جسکا شاہدِ غیب

اس بحر مین زور ہے بلا کا — تھمتا نہین پانون آشنا کا

اوس بت کو جو یار ایزا پایا — سر سجدۂ شکر مین جھکایا

الماس وعقیق ولعل وگوہر — نیلم فیروزہ نقد و زیور

الماس تراش جام بلور — ہمچشم حباب چشمۂ نور

بس خیمہ و پردہ ہای روشن — پروردۂ صد بہار گلشن

فیلان دمان واسپ زرین — آراستہ با عماری و زرین

بس حُسن فروش نو کنیزان — رشکِ گل و نرگسِ گلستان

بولا کہ حقیقت اسکی کیا ہے — یان جان عزیز تک فدا ہے

آبادی مین تھا جو خوف اعدا — جنگل مین کیا گھر ایک تیار

دروازہ ہر کا مُنہ تھا اسقدر تنگ — باریکی سی جسکی تھی نظر تنگ

ظاہر تھا خراب گرچہ گھر کا — پوشیدہ مگر تھا گنج زر کا

ہر چند تھی ملازمان دمساز — ظاہر نہوا کسی پہ یہ راز

کی عشق نے کسکی رازداری — کس پر نہ پڑی ہی گرد خواری

کرتا ہے ستم سے اور ہر جا — اکدن مین ہزار فتنہ برپا

کس دل کو ملا نہ داغ اس سے — کسکا نہ بجھا چراغ اس سے

مستی سے اوچھل رہا ہے کوئی — پتھر کے تلے دبا ہے کوئی

مخمل ہے کسی کا بسترِ خواب — کانٹا نہین کوئی پڑا ہی بیتاب

مسند یہ کوئی ہے شاد و خرسند — ہے خاکِ عدم سے کوئی پیوند

گلزار اگرچہ یہ مکان ہے — پر خار خلش سے تو امان ہے

القصہ کوئی نہین ہے بیغم — ہر سرو پہ ہے نشان ماتم

الفت سی جو مائل بتان ہے — چین اوسکو بھلا کہان یہان ہے

دولت ہے عوض حسن کی جو حاصل — شادی سے بڑھا عزیز کا دل

خاطر سے ہوا نثار استا — گھر بار لٹا دیا سب اپنا

کلغی سر پیچ و خلعتِ زر — شمشیر و سپر نشان و افسر

مندیل و قبا و تاج زرین — صد جامۂ نو چو ابر آگین

پشمینہ و زعفران کشمیر — گلگونہ و تازہ عود تاثیر

بس تازہ غلام رشک شمشاد — با قد سہی چو سرو آزاد

دیکھا اوسے سب ساز و سامان — مثل گل تر ہوا زر افشان

بس دیکھے زر و متاع مرغوب — اوس گل کو نہال کر دیا خوب

پائی تھی عجب طرح سے بنیاد — باہر سے اوجاڑ اندر آباد

دیوارونکی بے نشان تھی آثار — اندیشے کا وان گذر تھا دشوار

نظرون سی یہان چمن بنایا — اوس شکل حسن کو وان بسایا

چھپکر کبھی خود وہان پہ جاتا — تنہا کبھی یا اوسے بلاتا

جانسوز جہان یہ بربلا ہے — مشک آج تلک کہین چھپا ہے

کسکو نہین آگ مین جلایا — کسکو نہین خاک مین ملایا

کس باغ کو کر دیا نہ ویران — کس گل کا جلا نہ گلشن جان

مہندی کی طرح کسی نہ پیسا
پامال کیا لہو نہ کسکا

ہر چند عزیز دل مین خوش تھا
پر خوف پدر سے رنج کش تھا

رکھتا تھا وہ عہد تھا رت
لا کھون کیے تھے گھر اوسنے غارت

دانتون سے زبسکہ بے نشان تھا
مُنہ اوسکا سیاہ دیگدان تھا

تھا مایۂ درد و غم جہان مین
نامردی سے تھا علم جہان مین

اگاہ ہوا جو اوس خبر سے
احوال پسر کہا پدر سے

جا جلد عزیز کی خبر لے
قابو مین متاع رفتہ کر لے

کچھ دن جو رہیگا وہ اسی طور
ہو جائیگا یا نکا اور ہی طور

حاکم سے خبر یہ کیا سنا ئی
بارود مین آگ پھر لگا ئی

پھر فوج برنگ باد صرصر
بھیجی سو مسکن ستمبر

اوسوقت عزیز دل گرفتہ
سوتا تھا برنگ بخت خفتہ

لشکر کا ہجوم ہر طرف ہے
بربادی کی دھوم ہر طرف ہے

ابتر تھا شب سیہ سے وہ روز
کیون ہووے نہ عاشق غم اندوز

جی سے کبھی ہاتھ دھوکے یکبار
کرتا تھا پدر سے عزم پیکار

بیدل کبھی ہوکے مثل سیماب
ہوتا تھا تپ دروں سے بیتاب

ہر دم یونہین جی کھیلتا تھا
سو طرح کے رنج جھیلتا تھا

یارب نہ کسی کا یار چھوٹے
اس غم سے کسی کا دل نہ ٹوٹے

تھا تیر الم کا جو نشانہ
جانان کی طرف ہوا روانہ

ہر دم غم و درد سے تہ نامی
لیتا تھا قدم قدم سلامی

آلودۂ خاک تھا تن پاک
تھا سر پہ بجائے تاج خاشاک

آہون کی یہ تھی علم جلو مین
دیکھی ہون کسی نے کم جلو مین

مجنون کی اسی نے جان لے لی
جانبر ہوئی اسی سے لیلی

فرصت نہ دی آخرش قضا نے
پائی خبر ایک بیحیا نے

پیری مین مثال پیر گردون
تھا پشت خمیدہ وہ پر افسون

ظاہر مین تھا صورت بلا وہ
نے مرد نہ زن تھا بیحیا وہ

شاہد کا پتا جو اوسنے پایا
بارود مین شعلہ کو لگایا

یعنے کہ وہ ابتلک ہے پنہان
قاضی تھا ستم سے جسکے نالان

موجود جو کچھ تھا نقد و زیور
سب اوسنے لٹا دیا ہے اوس پر

دن رات قلق سے روئیگا تو
لڑکے سے بھی ہاتھ دھوئیگا تو

جل بھن کے ہوا کباب فی الفور
اک پل مین ہوا کچھ اور کا اور

گلشن سے برنگ نکہت گل
اوس گل کو نکالا نے تامل

چونکا وہ تھا جو شور و شر یکبار
دیکھا تو ہوا ہے فتنہ بیدار

اوس مہ کو وطن مین جو نہ پایا
آنکھون کے تلے اندھیرا چھایا

گرمی ہوئی غم کی شعلہ افروز
دل مین اوٹھی آتش دب سوز

آنکھون سے کبھی لہو بہاتا
کانٹون کو گل چمن بناتا

ہو کر کبھی زندگی کا دشمن
تلوار سے کاٹتا تھا گردن

القصہ نہ گھر مین تھم سکے پانون
بستر پہ نہ غم سے جم سکے پانون

عاشق کو بلا ہے رنج دوری
سامان قضا ہے رنج دوری

تنہا نہ چلا تھا وہ شہنشاہ
رکھتا تھا سپاہ غم کی ہمراہ

خاکستر رہ تھی کسوت تن
صد چاک قبا و تا بہ دامن

چلتی تھی جو باد تند ہر جا
اک تخت رواں تھی گرد صحرا

سالار چمن تھا بسکہ غمخوار
رہتا تھا ہر ایک دشت مین یار

پھرتا تھا جو گرد باد جیکر
جلتا تھا اندھیری رات مین جب
تھا ملک جنون کا وہ جو سلطان
گرتی پڑتی سنبھلتی اوٹھتی
بیٹھا مسند پہ جب سحر کو
ہر دم نور بصر تھا اوسکو
جانے کی خبر سنی جو اکبار
سب گرچہ عقیل و باہنر تھے
تقریر مین گو شکر بیان تھے
مطلق ہوا کارگر نہ ہرگز
نکلا جو نہ کام کچھ زبان سے
دل مین بھرا ہی جوش طوفان
ڈرتا ہوں کہ پھر لکھوں مین اسدم
ڈرتا ہون کہ جوش نزدِ غم سی
کاغذ سے کہین نہ حرف دھو جائے
پیدا ہوا جوش بیقراری
ڈرتا تھا جو روکے صبح کو شام
حیران تھا کہ اوسکو پاؤن کیونکر
ہر اک نے بقدر فکر و تدبیر
پایا تھا کلِ وفا سے قالب
دیتا تھا مریض کو شفا وہ

پھرتا تھا برنگ چتر بر سر
آہ سوزان تھی مشعل شب
موجود تھا سلطنت کا سامان
پہونچا آخر کو پاس اوسکے
پہونچی خبر یہ پدر کو
یوسف سے عزیز تر تھا اوسکو
آنکھوں کو کیا تعلق ہی خوبان
پردہ روزن سے بیخبر تھے
زخمون پہ ولے نمک فشان تھے
دیوانہ ہوا خبر نہ ہرگز
محروم وہ سب پھرے وہان سے

چھالوں سے ٹپک رہا تھا جو خون
پانی کا نہ شائق نمد تھا
مایوس ہوے تھے اسقدر خار
غم کھو کے وصال دلستان سے
فرزند نہ دوسرا تھا دلبند
کس طرح نہ ہو پدر کو مطلوب
بیتاب ہے دل سے مضطرب ہو
واقف نہ تھی نام عاشقی سے
تھے بسکہ نصیحتوں کے پابند
سودا ے جنون فزون ہوا اور
ساقی نہ دکھا اب انتظاری

کانٹون مین بچھا تھا فرش گلگون
خونناب جگر سے مدعا تھا
پاتا تھا ہر اک قدم پہ آزار
لی راہ سفر کی پھر وہان سے
تھا ایک ہی عزیز فرزند
تھا حسن سے نور چشم یعقوب
دوڑا دیے لوگ جستجو کو
ہے پی تھی نہ جام عاشقی سے
کھولے گئی یار نہ قید بند
ان باتوں سے آگ جنون ہوا اور
کھو دے ہے غمِ پھر خماری

## اضطراب کرنا پدر عزیز کا جدائی فرزند سے و بھیجنا قاصد کو واسطے عذر خواہی کے پاس شاہ کے و درخواست کرنا عزیز کا واسطے سوگند نامہ کے قاصد سے

یہ تختہ نہ غرق آب ہو جائے
آنسو ہوے چشم تر سے جاری
آنکھیں ہوئی تھیں سپید بادام
دم دیکے اوسے بلاؤن کیونکر
اپنی اپنی سنائی تقریر
ہر روح روان تھی اوسکی طالب
گویا کہ مسیح وقت تھا وہ

جسوقت پھر آئی وہ نمک خوار
یوسف جو ہوا تھا گم نظر سے
جس دن سے ہوا تھا آنکھ سے دور
اک روز کہی جوان ہشیار
ایک او نمین تھا بس عزیز ہر دل
آرام تھا بہر جان غمگین
فطرت سے ارسطو زمان تھا

گرداب ہے خون غمِ عزیزان
گم کردہ نور چشم کا غم
آنسو نہیں کہین قلم سے
ناکردہ مطلب طلبگار
یعقوب بنا تھا چشم تر سے
نرگس کی طرح تھا فتابے نور
الجھا کیے پھر شورہ کار
مرد دیرینہ سال عاقل
بیمار کو تھا دوائی تسکین
دانائی سے شہر جہان تھا

آئینہ صفت تھا صاف جی کا
ہوتا نہ غبار دل کسی کا

کرتا تھا وہ معنی و فاصل
ہوتی تھا جگر پہ جس سی صیقل

حاصل وہ لطف خوش کلامی
تھا بلبل بوستان سے نامی

شیرین سخنی سے تھا وہ گویا
گویا کہ تھا طوطی شکرخا

سُن سن کے ہر ایک کی کہانی
کی اوسنے بھی یون شکرفشانی

شاہد سے اگر عزیز دلگیر
با ہم رہے مثل شکر و شیر

تلخی غم ہجر کی نکل جاے
شیرینی سے ذائقہ بدل جاے

آجاے اگر وہ سرو یکتا
ہرگز نہو کچھ فساد برپا

یو آئے جو راہ راستی سے
آئیگا عزیز بھی خوشی سے

تھی اوسکی جو گفتگو دلاویز
شیرین نمکین صلاح آمیز

دیکر اوسے آشتی کا پیغام
بھیجا سوے منزل دلارام

جلدی رہ شوق مین چلا وہ
مانند صبا ہوا ہوا وہ

یوسف کو جو پایا کاروان مین
جان آگئی جسم ناتوان مین

جب گل کو مخاطب اوسنے پایا
بلبل کا پیام یون سنایا

کائی رنگ بہار صحن گلزار
وے رشک چمن گل وفادار

غارت ہوے تجھسے سیکڑون گھر
ہر شہر مین اک بپا ہے محشر

جلدی کری آکے دستگیری
ہو جا مرا تو عصاے پیری

اے گل نہ خطا پہ کر نظر تو
آجلد برنگ جان ادھر تو

سینے سے نہ اب جدا کرونگا
بلوا کے نہ پھر دغا کرونگا

آنکھون سے تجھے لگاؤنگا مین
پتلی کی جگہ بٹھاؤنگا مین

یا مر نہ خراب و دربدر ہو
پھر آکے چراغ گنج زر ہو

قاصد نے سنایا جب یہ پیغام
یون طیش سے بولا وہ دلارام

کیا دیکھے مری ہے آشنائی
کسواسطے مین کرون صفائی

ہے اور کسی کو اپنا گھربار
یہ لطف نہین ہے مجکو درکار

رکھتا ہو عزیز کی اگر چاہ
بیٹھا ہے وہ دیکھے سر راہ

لے جاوے گھر مین پیار سے تو
رکھ باز مجھے شکاے سے تو

پھرنے پہ مرے اگر ہے اصرار
حاضر ہون مجھے نہین ہے انکار

شیرینی سے پھر کیے یون لب کام
پھر غنچہ دہن بنا وہ گلفام

تقریر سے روک لی زبان جب
قاصد سے کہا عزیز نے تب

کائی سبک خجستہ پے دلارام
مانا مین نے ترا یہ پیغام

کیا تجھسے کہون مصیبت اپنی
قابو مین نہین طبیعت اپنی

جو باپ نے مجھسے کی نکوئی
دشمن سے کریگا یون نہ کوئی

پیغام پہ دون مین کس طرح دل
کیون رنج کرون دوبارہ حاصل

ہو راستی پر جو مثل خامہ
لکھ بھیجے تب وہ مجکو عہدنامہ

مضمون قسم لکھا ہو اوسمین
سوگند سر وفا ہو اوسمین

کی اوسنے جو گفتگو بے رنج
خوش ہوگیا سنکے وہ سخن سنج

مطلب کو پہونچ گیا سراپا
پانون کو بنایا سیل دریا

مانند صبا چمن مین آیا
بلبل سے پیام گل سنایا

جلدی سے اوٹھا کے اوسنے خامہ
لکھا خوش ہوکے عہدنامہ

ساقی ہو خوشی سے زیب محفل
مطلب ہو اخر دونون کا حاصل

شادی سے کھلی گل چمن بھر
الجھا ہوی سوسن و سمن بھر

**بھیجنا پدر عزیز کا سوگند نامہ کو پاس شاہد و**

کای میوهٔ باغ زندگانی
اے نور نگاہ چشم مردم
اے گوہر تاج شہریاری
سوگند جمال شاہد غیب
سوگند سواد شام گیسو
سوگند سواد خط مشکین
سوگند سواد کشور دل
سوگند سواد لالہ باغ
سوگند سواد چشم دلدار
سوگند سیاہی شب ماہ
سوگند سواد ابر گریان
سوگند ضیای روی روشن
سوگند قضاے آسمانی
سوگند کمان ابروی یار
سوگند نگاہ چشم اختر
سوگند شعاع شعلہ طور
سوگند خراش زخم بلبل
سوگند کرشمہ حسینان
سوگند بہار شیشہ گل
سوگند جفای لعل شیرین
سوگند جفای سخت دوری

## عزیز کی پھر آنا اور انکا شگفتگی خاطر سے وطن کے

وی جلوهٔ ماہ زیب انجم
وے زیب سریر کامگاری
سوگند کمال شاہد غیب
سوگند سواد خال ابرو
سوگند سواد نافہ چین
سوگند سواد چاہ بابل
سوگند سواد دیدهٔ داغ
سوگند سواد مردم مار
سوگند سپیدی سحرگاہ
سوگند شعاع برق خرمن
سوگند نسیم صحن گلشن
سوگند بلاے ناگہانی
سوگند لب خدنگ خونخوار
سوگند شعاع مہر انور
سوگند فروغ شمع کافور
سوگند بہار خندهٔ گل
سوگند ادای نازنینان
سوگند ترانہ ہای قلقل
سوگند بلاے حسن نمکین
سوگند بلاکش جبوری

اے مہر لقا بماند اختر
اے خاتم دست بختیاری
سوگند محبت عزیزان
سوگند سواد دیدهٔ حور
سوگند سواد چشم آہو
سوگند سواد حرف قرآن
سوگند سواد چشم طاؤس
سوگند سواد شام ہجران
سوگند سواد دود آتش
سوگند سواد داغ مہتاب
سوگند عذاب بیقراری
سوگند کباب شعلہ دیده
سوگند صفای آب شمشیر
سوگند تراش ناخن یار
سوگند طواف کعبہ رو
سوگند سر شکستہ حالان
سوگند جمال دلفریبان
سوگند جفای بے نیازان
سوگند نواے نالہ دل
سوگند اسیر دام گیسو

وی نوگل گلشن جوانی
وے کوکب اوج چرخ اخضر
وے نقش نگین نامداری
سوگند صداقت عزیزان
سوگند سواد سرمہ طور
سوگند سواد چشم جادو
سوگند سواد آب حیوان
سوگند سواد باغ فردوس
سوگند سواد زلف خوبان
سوگند فروغ شمع سرکش
سوگند نگاہ چشم پُرخواب
سوگند ملال انتظاری
سوگند بخاک و خون طپیده
سوگند کمال خاک اکسیر
سوگند ہلال چرخ دوار
سوگند سجود طاق ابرو
سوگند شکست زلف خوبان
سوگند جنون ناشکیبان
سوگند تب جگر گدازان
سوگند صدای حلق بسمل
سوگند شہید تیغ ابرو

دیدے کرو آگے مہر درخشن
تم میوۂ نخل آرزو ہو
تم راحت جان انس و جان ہو
تم قند لبی سے شربت جام
تم خاتم عیش کے نگین ہو
تم مہر منیر غیرت حور
تم گوہر صاف بے بہا ہو
تم روح روان ہو تن آن قالب
نقارہ بجا کے دوستی کا
تم ساتھ مری ہو زندگی تک
یہ کہا وفا جو کچھ لکھا تھا
وہ پیک بھی گیا سلیقہ سے تھا
نامہ کو پڑھا عزیز نے جب
سر گرمی سے استقبال کو آن
دروازۂ شہر پر جب آئے
وہ چشم و چراغ نور دیدہ
وہ شوخ بھی دوڑ کر برابر
آنکھوں سے ہر ایک کو لگایا
ای جان جہان پلا وہ صہبا
حاصل تھا جو لطف عیش دن رات
بولا یہ پدر عزیز اک دن

گھر اپنا بناؤ رشک گلشن
گلزار ہوس کے رنگ و بو ہو
آسیب زیان سے برکران ہو
مین قطرۂ خون خلق ناکام
تم نقش وفا ہو دلنشین ہو
مین ذرۂ ناتوان ہون بے نور
دریاے وفا مین آشنا ہو
مطلوب تمھین ہو مین ہون طالب
روشن کرو نام عاشقی کا
سمجھو نگہ عزیز جیتے جی تک
پتھر کی لکیر سے سوا ہے
سینے مین ہوا تھا بند جو تھا
کھل اٹھا خوشی سے غنچۂ لب
اک برق تھا اک ابر باران
تعظیم کے واسطے سب آئے
وہ میوۂ نخل نو دمیدہ
پابوس ہوا ادب سے جھک کر
پہلو مین برنگ دل بٹھایا

تم مردم چشم نور دیدہ
تم درد جگر کے ہو دوا ساتھ
مین صرصر گلشن خزان ہون
تم باد چمن شمیم پرور
تم ابر کرم ہو ماہ منزل
مین بحر الم مین نیم جان ہون
مین مور ضعیف تم سلیمان
آ جاؤ ادھر کرو نہ تکرار
اس قول و قسم کو راست جانو
جس تن سے گئی ہو جی لگا ہے
طومار قسم کا لکھ کر اس طور
جلدی سے پہونچ کے جا دیا خط
بیداد و ستم سے ہو کے
رخسارۂ صاف کے سپر راہ
دیکھا جو پسر کا روئے پُر نور
قدمون پہ گرا مثال سایہ
آئے جو نظر وہ ماہ و خورشید
جلد آ مرے ساقی شکر لب

## جانا شاہد کا واسطے تحصیل ہنر کے مکتب مین بموجب ایماے پدر عزیز کے

یہ ماہ ابھی بہت ہے کم سن
موزون کیا ہی طبع چالاک

مین دیدۂ بر رہ رسیدہ
تم مرہم زخم ہو خدا ساز
بی برگ ہون خار بوستان ہون
مین صرصر دشت خاک بر سر
مین خرمن غم ہون برق حاصل
اک عمر سے کٹتے گران ہے
تم خوان کرم ہو مین ہون مہمان
چھیڑے گا کوئی نہ تمکو زنہار
لو آؤ چلے برا نہ مانو
شاہد مری قول کا خدا ہے
قاصد کو کیا روانہ فی الفور
شاہد نے لپک کے لے لیا خط
باہم پڑھتے وہ دونون شاد
ثابت تجھے زمین پہ
بولا یہ پدر کہ چشم بد دور
مر قبا کے رو برو چھپا
روشن ہوئی اوس کی چشم
شاہد ہے بہار بزم مکتب
ہو جس سے فروغ عقل
کشتی تھی ہنسی خوشی مین
ہو اسکا درست فہم ادراک

کچھ دنکو کرے یہ حرف خوانی ‌ ‌ حاصل ہو مذاق نکتہ دانی
لازم ہے سخن کی اس سے تکرار ‌ ‌ ہو جسمین ہے سادہ لوح ہشیار

تحصیل ہنر ہے عین بہتر ‌ ‌ انسان کے لیے ہی حسن زیور
کم ہوتی ہے بے ہنر کی توقیر ‌ ‌ جوہر ہے یہ آبروی شمشیر

مانند سرشک چشم تر سے ‌ ‌ گرتا ہے ہر ایک کی نظر سے
موجود نہین ہے جسمین یہ شے ‌ ‌ آئینہ زنگ خوردہ وہ ہے

جو نخل جہان مین بے ثمر ہے ‌ ‌ رنج دل و خار ہر نظر ہے
جس ہاتھ مین فیض کچھ نہین ہے ‌ ‌ بے لطف ہر خالی آستین ہے

جس گل مین نہ رنگ و بو ہی پیدا ‌ ‌ کانٹو نسے وہ خار ہے زیادا
جو جام شراب سے ہے خالی ‌ ‌ عالم مین ہے ظرف لاابالی

جس شیشے مین رنگ مے نہین ہے ‌ ‌ شیشہ نہین وہ دل حزین ہے
آراستہ عقل سے جو تھا وہ ‌ ‌ تجویز پدر سے خوش ہوا وہ

شاہد سے کہا کہ اے دلارام ‌ ‌ ہے حسن سے گرچہ شہرہ عام
ہو صرف ہنر جو تھوڑی اوقات ‌ ‌ حاصل ہو کمال طفلی بات

چرچا کرے علم کا تو بہتر ‌ ‌ آئینہ دل کو ہے یہ جوہر
عاقل کو اسی کی جستجو ہے ‌ ‌ گوہر ہے [illegible] کی آبرو ہے

رتبہ ہے جمال سے پری کا ‌ ‌ جوہر ہے کمال آدمی کا
خواہان جو ہوا غرض اس طور ‌ ‌ شاہد نے کیا [illegible] فی الفور

بے ساختہ ہنسکے مثل گل جب ‌ ‌ خوبی سے ہوا بہار مکتب
دیکھ اوس گل تر کا روی خندان ‌ ‌ ہر طفل نے چھیڑ دی گلستان

سکتا تھا سکوت مین زبان تھی ‌ ‌ بے لطف بہار بوستان تھی
صورت سے ہوے جو اوسکی حیران ‌ ‌ مطلق نہ رہا خیال قرآن

گنجفہ کی طرح ہو کے ابتر ‌ ‌ سب زیر و زبر ہوا برابر
بیٹھا تھا جہان یہ وہ بیٹھا ‌ ‌ تھا کچھ نہ خیال پیش و پس کا

تھا حسن جو اوسکا غارت ہوش ‌ ‌ آموختہ بھی ہوا فراموش
بیگانہ تھا اسقدر سبق سے ‌ ‌ مطلق نہ تھا آشنا ورق سے

آنکھین تھین نہ لب فریب مردم ‌ ‌ استاد کی عقل ہو گئی گم
جس وقت کہا کہ ای خوش آواز ‌ ‌ ہو حق گر زبان سے آغاز

وہ بعثت ہند آفت ہوش ‌ ‌ کچھ دم رہا مثل غنچہ خاموش
بارے ہوا آشنا سخن سے ‌ ‌ گر [illegible] دہن سے

اوس گل مین جو تھی بہار دانش ‌ ‌ سرتا بہ قدم عیار دانش
کچھ دن مین ہوا وہ شوخ چالاک ‌ ‌ چپکا جی خون [illegible]

اک روز غنیمت سخندان ‌ ‌ گزرا کہین جانب بستان
نالہ کیا شوق دل سے اکبار ‌ ‌ کای حسن فروش جان خریدار

شوخی سے مین صحبت آشنا ہون ‌ ‌ سیپارہ دل کو بیچتا ہون
وہ یوسف مصر جاہ اخلاص ‌ ‌ وہ کوچہ نور راہ اخلاص

اخلاق دلی سے پیش آیا ‌ ‌ ہاتھوں سے بقصد ادب اوٹھایا
پوچھا کہو مول کیا یہ بولا ‌ ‌ ہے ایک نگاہ مول اسکا

بولا کچھ کیم کہو اجی واہ ‌ ‌ بولا کہ کبھی کبھی سر راہ
مرتا ہون خماری سے ساقی ‌ ‌ دے بھر کے شراب باقی

جی جاتا ہے جسم ناتوان ہے ‌ ‌ جاتا ہے وہ پھول گلستان سے

جانا شاہد کا واسطے سیر پنجاب کے وگریہ

کس پر تشنگی ہے دل لگاؤن
جاتی ہے یہ اپنی جان بیتاب
گردن کو کٹا سے زیر خنجر
معشوقون کا اعتبار کیا ہے
جب چاہا ہنسا دیا کسیکو
جب چاہا بنے مسیح خصلت
کب کہنا کسی کا مانتے ہین
چرچا باتون کا ہو رہا تھا
ہر وقت غم وطن جگر پر
کس رنج سے حیج کر لہو کو
نقرون سے چھپاتی تھی [illegible]
پر کہہ نہ سکتا تھا [illegible]
دل میرا کبھی نہ توڑتی تھی
کیونکر نہ رہو مین غم سے دلگیر
ہے تیرہ زبسکہ شام فرقت
[illegible] مجبوری
[illegible]
آخر یہ کہا کہ اے سمنبر
فرقت کو اگر کرون گوارا
جب دیکھونگا تجھسے خالی گھر مین
جس دن سے گیا تھا ماہ کنعان
جلد آئیگا تو کہے جو اقرار

## وزاری کرنا عزیز کا وقت رخصت کے

رکھتا ہی وہ شوخ عزم پنجاب
عاشق نہ مگر ہو جو شتان پر
یہ قوم کی قوم بیوفا ہے
جب چاہا رولا دیا کسیکو
جب چاہا بنے ستم کی صورت
جی لینا ثواب جانتے ہین
اوس غنچہ دہن کا منہ کھلا تھا
دیتا ہے مجھے خراش نشتر
سیچا تھا نہال آرزو کو
رکھتی تھی سپند آگ پر روز
ناکام تھی لذت زبان سے
اکدم نہ اکیلا چھوڑتی تھی
مجھسے نہ ہوا ادا حق شیر
پیغام قضا ہے نام فرقت
نے دل کو تھی تاب رنج دوری
پھرتی ہے چھری مرے گلے پر
شیشے پہ گراؤن سنگ خارا
ٹکراؤنگا سنگ در سے سر مین
یعقوب کو گم ہوا تھا زندان
ہے مجکو قبول چار ناچار

بگڑی ہے ہوا مری چمن کی
مجروح کو چاہیے کنارہ
دل کسکا نہیں لیا دغا کر
جب چاہا کسی کا دل بڑھایا
کرتا ہے جو چاہ اپنی اظہار
اک دن محفل مین شاد و خرم
بولا یہ عزیز سے کہ اے یار
یاد آتا ہے جب کنار مادر
رکھتی تھی بچا کے آفتون سے
ہر دم مری عارضے کے ڈر سے
رو رو اوٹھتا تھا مین کبھی جو اکبار
سو جاتا تھا مین کبھی جو دم بھر
رخصت سے برائے گریہ امید
سنتے ہی اوڑ گئے عزیز کے ہوش
نے پاس صنم سے کھلکے اکبار
رخصت کی اگر نہ دون اجازت
ہو جائیگا غم سے دل مرا چور
تنہائی سے ہر گھڑی لب دور
خوشبو جو نہ پیرہن کی پاتا
تھی اسکے عزیز خاطر یار

کس حور لقا کے پاس جاؤن
دکھلائے جنون راہ بن کی
جیتا نہیں چاندنی کا مارا
مارا نہ کسی کو ٹھاکر ٹھاکر
جب چاہا کسی کا جی گھٹایا
کرتے مین دماغ اوس سے ہر بار
بیٹھے تھے وہ دونون یار باہم
مین کس سے کرون غم اپنا اظہار
اک سانپ سا لوٹتا ہے دل پر
پالا تھا ہزار منتون سے
عاجز تھی غذائے گرم و تر سے
ہو جاتی تھی درد دل سے بیمار
